جناب انور بھنڈر ، سر وزیر موصوف نے فرمایا ہے کہ پچیس ہزار تک جن کی رقوم بقایا تھیں ان کی واپسی کی گئی ہے۔ کیا پچیس ہزار تک تمام فنانس کمپنیوں کے قرض داروں کی ادائیگی کر دی گئی ہے۔

سید اقبال حیدر ، تمام Finance Companies کی ضمن میں تو میں نہیں کہہ سکتا لیکن اس سلسلے میں حکومت پاکستان نے کوئی دو سو ملین کی رقم اس کے لئے مخصوص کی ہے جو کہ پچیس ہزار تک کے Depositors کے پیسے واپس کرنے کے لیے استعمال کی جائے گی اس میں سے ابھی تک ۱۴۰ ملین کی رقم استعمال ہو چکی ہے۔ اور اس کا استعمال پنجاب کی صوبائی حکومت کے تحت جو بورڈ ہے وہ ان کے قرضہ جات اور ان کے Deposits واپس کرنے کے عمل کا ذمہ دار ہے اور اس نے کوئی ۲۴۲۱۵ Claimants کے پچیس ہزار تک کے قرضے واپس کئے ہیں۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ، کیا اس رفتار سے اگر ادائیگی ہو تو وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کہ کتنا عرصہ لگے گا پچیس ہزار تک کے کھاتے داروں کو دینے کے لیے۔ چہ جائیکہ کہ اگلے Claimants کو ادائیگی کی جائے۔

سید اقبال حیدر ، پچیس ہزار تک کی رقم کا جو پہلا Phase ہے۔ وزیراعظم نے جو Package---

جناب چیئرمین ، چوبیس ہزار کو مل گئے ہیں آپ یہ کہہ رہے ہیں۔

سید اقبال حیدر ، Package جو announce کیا تھا وہ پچیس ہزار تک کے جتنے Depositors تھے ان کی رقوم کی واپسی کا اعلان کیا تھا ان میں سے جتنے Depositors تھے ان میں سے ۲۴۲۱۵ Claimants ہیں جو کہ آ چکے ہیں اور ان کو ۱۴۰ ملین کے قریب رقوم جو ہیں وہاں کے صوبائی بورڈ نے ان کو دی ہیں۔

جناب چیئرمین ، جی جناب حافظ حسین احمد صاحب۔

حافظ حسین احمد ، صوبہ بلوچستان کے کھاتے داروں پہ ادائیگیوں کا اطلاق کب ہو گا۔

جناب چیئرمین ، یعنی کیا مطلب۔

حافظ حسین احمد ، یعنی وہاں کے جو لوگ ہیں۔ صوبہ بلوچستان کے جو کھاتے دار ہیں جو Motor Reliance تاج کمپنی اور کوآپریٹو سوسائٹیز کے۔ ان کو ابھی تک ایک پیسہ نہیں ملا ہے۔ اب تو زور پنجاب پہ ہے میں کہہ رہا ہوں بلوچستان کے جو کھاتے دار ہیں ان کو ادائیگی کب شروع کریں گے۔

جناب چیئرمین، جی جناب Law Minister صاحب ۔ ہے کوئی ایسی۔

سید اقبال حیدر، جناب چیئرمین! اس میں کھاتے دار کی کوئی تشخیص نہیں کی گئی ہے چھوٹے اور بڑے کی تشخیص ہے اگر وہ بلوچستان کا کھاتے دار ہے جس نے پچیس ہزار یا اس سے کم رقم جمع کرائی تھی ان کو بھی اسی طرح سے رقم ملے گی جس طرح سے کسی پنجاب کے کھاتے دار یا سندھ کے اور فرنٹیئر کے کھاتے دار کو۔

جناب چیئرمین، ٹھیک ہے جی۔ ڈاکٹر ریحان صاحب۔

ڈاکٹر محمد ریحان، جناب آپ جواب ملاحظہ فرمائیں سوال پوچھا گیا ہے وفاقی حکومت سے۔ وفاقی حکومت کے منسٹر صاحب نے جواب دیا ہے کہ were declared undesireable by theProvincial Government under the Punjab undesireable co-operative society خیر چلو Co-ordinate کر لیتے ہیں لیکن جیسے حافظ صاحب نے پوچھا جناب والا! فرنٹیئر میں بھی ان Co-opratives Societies جن کے Head Offices پنجاب میں ہوتے تھے۔ وہ بے چارے آج تک رو رہے ہیں ان کے بدن سے بالکل سارا خون جو ہے وہ ان جونکوں نے چوس لیا ہے۔ میرے پڑوسی ہیں میں ان کو جانتا ہوں

ان بے چاروں کو تو پتہ ہی نہیں ہے کہ کون پیسے دے رہا ہے یا نہیں دے رہا۔ اس کے متعلق چونکہ سوال پوچھا گیا ہے وفاقی Level پر۔ تو چاہیے تو یہ تھا کہ وفاقی level پر کہ جی ہم نے فرنٹیئر کے لئے اس طرح طریقہ کار بنایا ہے ۔ پنجاب کے لئے اس طریقے سے۔ ان کے لئے اس طریقے سے۔ تاکہ سارے ملک میں جو بے چارے Depositors ہیں جن کی خون پسینے کی کمائی ان dragons نے چھینی ہوئی ہے کے متعلق حکومت کی کوئی واضح پالیسی ہونی چاہیے۔ It is just look bluffing and dodging.

جناب چیئرمین، جی Law Minister صاحب۔

سید اقبال حیدر، جناب چیئرمین! اس میں جو سوال کیا گیا تھا اس کے مطابق جو ہم نے جواب دیا ہے اس میں ۱۰۲ Co-operative Societies جو ہیں جنہیں Undesireable یا قابل اعتراض کارروائیوں میں ملوث پایا گیا تھا اس میں ہم نے صوبائی تشخیص یا صوبائی سطح پر اس کی مصلحت نہیں ہے لیکن ہمیں جو ایک دشواری پیش آ رہی ہے وہ یہ ہے کہ زیادہ تر جو Co-operative Societies تھیں وہ صوبہ پنجاب میں اس طرح کا کاروبار کر رہی تھیں اور Loan Commission جو عدالتی کمیشن بنا تھا وہ بھی

پنجاب کی سطح پر ہی بنا تھا اگر میرے معزز رکن کسی بھی ایسی Co-operative Societies کی نشاندہی کریں جو کہ پشاور میں بھی اس طرح کی غیراخلاقی غیرقانونی سرگرمیاں کر رہی ہیں تو حکومت ایسی Co-operative Societies کے خلاف کسی قسم کی کارروائی کرنے میں کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرے گی اور فوری طور پر اسی طرح سے action لیا جائے گا۔

ڈاکٹر محمد ریحان، میں مشکور ہوں کہ آپ ایسا تعاون کریں گے لیکن ساتھ ساتھ میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ وہ depositors وہاں پر ایسی سوسائٹیز میرے خیال میں میرے علم کے مطابق فرنٹیر میں نہیں ہیں یہ پنجاب کی سوسائٹیز تھیں یہاں انکی برانچز قائم تھیں تو وہ ڈیپازٹرز کونسا راستہ اختیار کریں تا کہ ان کو بھی ۲۵ ہزار ہوں یا ۲۳ ہزار ہوں جتنا بھی ہو ان کی کچھ نہ کچھ دادرسی ہو جائے۔

سید اقبال حیدر، جو طریقہ کار وضع کیا گیا تھا لون کمیشن کے بعد کہ سپریم کورٹ کے معزز جج بھی اس سلسلہ میں معمور ہیں اور بورڈ پنجاب حکومت کے ماتحت ہے وہ بورڈ ان تمام دعووں کی scrutiny کرتا ہے میں آپ کو مشورہ دوں گا اور یہ مشورہ اس ایوان کے توسط سے تمام پاکستان کے عوام تک بھی پہنچے کہ کوئی بھی اس طرح کا claimant ہو خواہ وہ بلوچستان میں رہتا ہو یا فرنٹیئر میں کسی بھی صوبے میں وہ اپنے دعوے پنجاب کے بورڈ کے پاس فوری طور پر بھیجے اور اس کی scrutiny ہو گی اگر اس کے پاس ڈیپازٹ کا ثبوت موجود ہے تو اس کو پرائم منسٹر کے پیکج کے مطابق کم از کم پچیس ہزار ضرور ملیں گے۔

جناب چیئرمین، شکریہ جی۔ جی جناب پوائنٹ آف آرڈر۔

سید محمد فضل آغا، چونکہ بات نکل آئی ہے مجھے ۶ اور ۷ مارچ کو اس ہاؤس کی سٹینڈنگ کمیٹی میں یہ نکتہ اٹھایا گیا تھا اور ہم نے ان سے details مانگی تھیں ایک تو گزارش یہ ہے کہ پچھلی میٹنگ میں کسی منسٹر نے زحمت ہی نہیں فرمائی تشریف لانے کی، جس کے بارے میں ہم نے پرائم منسٹر صاحب کو بتا دیا تھا۔ لیکن جو لوگ concerned آئے تھے انہوں نے ہم کو یہ لسٹیں مہیا کرنے سے بالکل معذرت کر لی تھی اس کمیٹی کو flately refuse کیا تھا کیونکہ مسئلہ جو ہے صوبائی governments کو ہم نے لسٹیں بھجوا دی ہیں اور detail بھجوا دی ہے اور ہمارے پاس کچھ نہیں ہے تو میں سمجھتا ہوں آج انہوں نے یہ لسٹیں ہاؤس میں رکھ دی ہیں تو یہ dual policy جو ہے یہ کمیٹی کے breach of privilege کو بات جاتی ہے جب کمیٹی کے اندر وہاں ۱۲ معزز اراکین اور وہ constitutional committee ہے رول آف بزنس کے تحت بنی ہے اور ہم معاملات کو سدھارنے کیلئے گزارشات کرتے ہیں ان سے اور وہاں کمیٹی میں معزز منسٹر میں سے تو کوئی تشریف نہیں لایا جو محکمہ کے

لوگ آئے تھےانہوں نے ہمیں بالکل انکار کر دیا کہ یہ information ہم کمیٹی کو مہیا نہیں کرسکتے ہیں اس سلسلے میں گزارش ہے آپ سے کیونکہ آپ custodian ہیں اس ہاؤس کے اس معاملہ کو sort out کیا جائے کیونکہ یہ تو ہماری سٹینڈنگ کمیٹیز ہیں ان کا مطلب کیا ہوتا ہے اور اگر under the rule اور Constitution,standing committee ہے تو پھر میں نہیں سمجھتا ہوں کہ کمیٹی میں انفارمیشنز کیوں نہین دی جاسکتیں۔

جناب چیئرمین ، کمیٹی کا مسئلہ پھر مناسب وقت پر اٹھائیں گے آج اگر question hourہو جائے۔

سید محمد فضل آغا،اس کا نوٹس لیا جائے جی۔

جناب چیئرمین،جی جناب خورشید احمد صاحب۔

سید خورشید احمد ، اس وقت کواپریٹو والے مسئلہ پر میں اپنے بھائی محترم اقبال حیدرصاحب سے پوچھوں گا کہ اس سلسلے میں کراچی میں جو سوسائٹیز ہیں وہاں مسئلہ بہت گھمبیر ہے اور بار بار یہ مسائل آرہے ہیں اور چالیس پچاس ہزار ---- اس کے بارے میں کیا خیال ہے؟

جناب چیئرمین، جی جناب منسٹر برائے قانون۔

سید اقبال حیدر ، کراچی میں فنانس کمپنیز نے ایک بڑا عوام کے ساتھ دھوکہ کیا تھا اس کے سلسلے میں نیشنل اسمبلی میں ایک قرارداد پاس ہوئی جس کے تحت ایک مشترکہ کمیٹی ہاؤس کی کمیٹی بنائی گئی کراچی کے منتخب نمائندوں پر مبنی وہ اس کمپنی کے کھاتہ داروں کے مسائل کو حل کرنے کیلئے مختلف میٹنگز کر چکی ہے اس کی رپورٹ ابھی تک نیشنل اسمبلی میں پیش نہیں کی گئی ہے لیکن اس میں کچھ قانونی پیچیدگیاں اس لئے آئی ہیں کہ زیادہ تر فنانس کمپنیز کے مقدمات جو تھے وہ سندھ ہائی کورٹ کے سامنے تھے اور ان کے winding up order اور winding up procedings سندھ ہائی کورٹ میں چل رہی ہیں ان کی جو بھی رپورٹ ہو گی نیشنل اسمبلی میں جو کمیٹی بنائی گئی ہے اس کی رپورٹ اس ایوان میں بھی لانے سے کوئی اعتراض نہیں۔

جناب چیئرمین ،اگلا سوال نمبر ۷ منظور گچکی صاحب اس کا تو جواب ہی نہیں آیا۔سوال نمبر ۸ کا بھی نہیں ہے اصل میں کچھ تھوڑی سی problem at office level بھی ہے discuss with the Law Minister تو there is 8, 9 بھی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین ،اگلا سوال منظور گچکی صاحب!اس کا تو جواب نہیں آیا اور نمبر ۷ کا بھی

نہیں ہے۔ اور نمبر ۸ کا بھی نہیں ہے۔ اصل میں تھوڑی سی مشکل آفس کی بھی ہے۔ I will discuss with the Law Minister تو ۷، ۸ اور ۹ بھی نہیں ہے۔

جناب اقبال حیدر: میں معذرت چاہتا ہوں کہ ہمیں شارٹ نوٹس کی بنا پر -----

جناب چیئرمین: بہرحال۔ I will discuss this matter with you as to how we can improve the efficiency of the department. Item No. 10 Ch. Shujat Hussain Sahib.

10. *Chaudhry Shujat Hussain: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state:

(a) total liability of the Taj Company; and

(b) outstanding liability of the company against its Directors and Sundry Trade Debtors ?

Makhdoom Shahab-ud-Din: (a) The total liabilities of M/s. Taj Company Ltd., amount of Rs. 2643 million.

(b) Liabilities of Directors as determined by the Lahore High Court

Name of Director	Individual Liability	Joint Liability
Ch. Ali Muhammad.	25,138,199	2,061,712,387
Amjad Hussain Khokhar.	4,909,855	2,061,712,387
Sheikh Muhammad Salim.	Under process by the Court	2,061,712,387
Ashraf Pervaiz.	46,336,893	———

Liabilities of Sundry Trade Debtors :

Rs. 569,992

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا میں اس سلسلے میں یہ پوچھنا چاہوں گا پچھلی دفعہ انہوں نے جواب دیا تھا کہ تاج کمپنی ڈائریکٹروں کے جو جوائنٹ اکاؤنٹ ہیں وہ رقم ۲ ارب ۶ کروڑ ۱۷ لاکھ ۱۲ ہزار ۲۲۷ بنتی ہے۔ اس طرح کے figures آج بھی وہ دے رہے ہیں اس سوال کے جواب میں یہ بتایا گیا تھا کہ ڈائریکٹروں اور تاجروں کے ذمے کل رقم جو ہے وہ ۹ کروڑ ۴۲ لاکھ ۲۰ ہزار ۸۲ بنتی

ہے۔ اس طرح جناب والا! مجموعی فرق ایک ارب ۹۶ کروڑ ۸۳ لاکھ ۹۲ ہزار بنتا ہے۔ تو میرا جناب والا! سوال یہ ہے کہ اتنا بڑا فرق جو ہے اس کا کون ذمے دار ہے کمپنی کا۔ دوسرا یہ ہے کہ حکومت اپنے وعدے کے مطابق کب تک ادائیگی شروع کرے گی۔

سید اقبال حیدر: جناب چیئر مین! تاج کمپنی کے کھاتے داروں کے سلسلے میں بھی ہم نے وہی پالیسی اپنائی ہے جو کہ co-operatives کے سلسلے میں اپنائی ہے اور اس میں جتنے چھوٹے کھاتے دار ہیں ان کو ادائیگی کرنے کے لیے بھی وہی فارمولا ہم نے رکھا ہے کہ ۲۵ ہزار تک کے جتنے کھاتے دار ہیں ان کو رقم فوری طور پر ادا کریں۔

جناب چیئرمین: Are you sure اس پالیسی کا اعلان ہوا ہے۔

سید اقبال حیدر: جی ہاں اس کا ہم نے اعلان کیا ہے۔ وزیراعظم کے پیکج میں شامل ہے Co-operatives and Taj Company کے جتنے متاثرین ہیں ان کے لیے وزیراعظم نے جو اپنے پیکج کا اعلان کیا تھا اس کے کچھ خصوصی نکات میں آپ کے سامنے پڑھ کر پیش کرتا ہوں۔

Mr. Chairman: Are you sure that this policy has been announced.

Syed Iqbal Haider: The persons with deposits upto 25000 which constitute 33% of the total number of depositors be paid 100% of the net amount of this 20% and that will be paid from the resourses available with the Administrator which has already been appointed for the Taj Company and the balance of 80% be given by the Government of Pakistan. This involves the support of approximately Rs.72 million from Government of Pakistan.

2. For persons having deposits in the range of Rs.25000 upto Rs.50000 i.e. 25% of the depositors be paid from the resources available with the Administrator in cash and another 20% be paid through bonds. Those are transferable and cashable bonds that the Government of Pakistan is issuing.

3. The persons having deposits above Rs.50000 be issued bonds in lieu of 40% of their net deposits. The terms of the bonds will be identical with those given to the depositors of Cooperatives. Sir in pursuance of this policy I may inform this honourable House that in view of the package announced by the

Prime Minister for relief to the affectees of the Taj Company the Government allocated a sum of Rs. 72.21 million for payment of two affectees having claim upto Rs.25000. Out of this Rs.50 million have already been released to the Board of Administrator of Taj Company and the Board of Administrator has issued 3778 cheques amounting to Rs.5,06,10,424 to the claimants till todate. The cases regarding issue of bonds to the affectees having claimed beyond Rs. 25000 is pending with the Lahore High Court. The bonds will be issued to the affectees as soon as necessary clearance is received from the Board.

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا! اس کا جواب نہیں دیا گیا کہ دو ارب روپے کا جو فرق نکلتا ہے اس کا کون ذمے دار ہے یہ تو جتایا نہیں گیا انہوں نے پرانی کہانی پڑھ کر سنا دی ہے۔

سید اقبال حیدر: اس فرق کو پورا کرنے کے لیے کچھ تو رقم حکومت نے اپنی جانب سے دی ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں پہلے کچھ اور تھی اب کچھ اور ہے کچھ اس قسم کا سوال ہے۔

سید اقبال حیدر: نہیں جناب چیئرمین! اس میں----

جناب چیئرمین: ایک دفعہ سوال دہرادیں۔ جی پہلا سوال کیا تھا آپ کا۔

چوہدری شجاعت حسین: فگرز میں کوئی خاص فرق نہیں ہے۔ صرف یہ تھا کہ یہ جو رقم ہے اس کے ذمہ دار Directors ہیں یا اس کے جو بھی تاجر ذمہ دار ہیں ان کا کیا بن رہا ہے ان کے متعلق حکومت کیا کر رہی ہے۔

سید اقبال حیدر: اس کی management کے وہ ڈائریکٹر ذمہ دار ہیں جنہوں نے اس طرح سے عوام کو گمراہ کر کے کلام پاک کے پرنٹرسے ایسا کرنا بہت ہی افسوس ناک بات ہے کلام پاک کے ذریعے سے نیک نامی حاصل کرنے کی کوشش کی اور اس طرح سے عوام کو دھوکہ دیا ان ڈائریکٹروں کے خلاف مقدمات دائر ہیں ان میں سے کچھ گرفتار بھی ہو چکے ہیں' کچھ گرفتاری سے بچے بھی ہوئے ہیں ان کے خلاف فوج داری مقدمات ہیں وہ بھی جاری ہیں لیکن جہاں تک اس فرق کا تعلق ہے assets and liablities میں وہ تو بڑے کھاتے داروں کوبرداشت کرنا پڑے گا اس میں سے کچھ رقم جو ہے

حکومت دے رہی ہے تا کہ ان کے اوپر کم سے کم بوجھ پڑے۔

جناب چیئرمین : شکریہ جی۔ جی جناب بھنڈر صاحب۔

چوہدری محمد انور بھنڈر : جنہیں انہوں نے ادائیگی اس وقت کی ہے کیا مکمل سو فیصد ادائیگی ان لوگوں کو کر دی جائے گی؟

سید اقبال حیدر : میں نے یہ نہیں کہا کہ مکمل سو فیصد ی' فرق تو اس میں ضرور رہے گا۔ چھوٹے کھاتے داروں کے لئے ہم مکمل ادائیگی کرنے کے لئے تیار ہیں ۲۵ ہزار تک کے جو کھاتے دار ہیں جیسے گزارش کی ہے بڑے کھاتے داروں کو مکمل واپسی تبھی ممکن ہے کہ ان کی جو املاک ہیں ' ان کی جو زمینیں ہیں properties ہیں اس کی سیل سے جو بھی زیادہ سے زیادہ رقم حاصل ہو گی وہ انہیں ملے گی۔

جناب چیئرمین : شکریہ۔ جی جناب پروفیسر خورشید صاحب supplementary question۔

پروفیسر خورشید احمد : کیا وزیر محترم یہ بتا سکیں گے کہ اب تک ان کے جو assets ہیں ان کو کہاں تک آپ قبضے میں لے چکے ہیں ان میں سے کہاں تک آپ پیسہ وصول کر چکے ہیں کیا شکل ہے وہ assets ضائع تو نہیں ہو رہے ہیں ایسا تو نہیں ہو رہا ہے کہ سو روپے کی چیز بیس روپے میں جا رہی ہو۔

سید اقبال حیدر : نہیں جناب یہ معاملہ تو عدالت عالیہ کے سامنے ہے اور بورڈ آف ایڈمنسٹریٹرز مقرر کئے جا چکے ہیں اور بورڈ آف ایڈمنسٹریڑ کی تحویل میں ہی تمام ریکارڈ موجود ہوتا ہے۔

پروفیسر خورشید احمد : یہ کوئی نئی بات نہیں ہے میں جاننا چاہتا ہوں کہ کتنی assets تھیں ان میں سے کتنی آپ recover کر سکے ہیں اور کیا ان میں سے encash ہو سکی ہیں یا نہیں۔ کیا پوزیشن ہے؟

سید اقبال حیدر : یہ اہم سوال آپ نے اٹھایا ہے اس کا جواب میں فوری طور پر دینے کی حیثیت میں نہیں لیکن میں آپ کو ضرور جواب دوں گا۔

جناب چیئرمین : شکریہ جی۔ اگلے سوال نمبر ۱۳ کا تو جواب نہیں آیا ہوا نمبر ۱۴ ملک حیات صاحب ۔ somebody on his behalf جی آپ موجود ہیں نمبر ۱۴ جی , answer taken as read any supplementary question .Next No.15 جی نمبر ۱۱ ' سوری جی نمبر ۱۱ رہ گیا ہے ۔ نمبر ۱۱ جی چوھدری شجاعت حسین صاحب۔

11. *Chuadhry Shujat Hussain: Will the Minister for Commerce be

pleased to state:

(a) the names of persons/companies which were issued import permits for the import of used/retreated tyres since October, 1993;and

(b) the value and quantity of used/retreated tyres imported by each person/company during the said period?

Ch. Ahmed Mukhtar : (a) After the disbandment of the office of the CCI&E since July, 1993, neither import permits not import licences are issued. The Banks can now open direct L/C for importable items. As such there is no single cnetral authority which can provide this information. Teh desired information is to be collected form 562 branches of 45 Banks spread all over the country which is a time consuming exercise, and likely to take atleast one month.

(b) The information in question is being collected though CBR from all the Collectorates of Customs.

چوہدری شجاعت حسین، جناب والا! میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ نومبر ۹۳ ۱۹ کو پرانے ٹائروں کی درآمد کی اجازت دینے اور پھر تین چار ماہ بعد درآمد بند کرنے کی کیا وجوہات ہیں۔ پہلے اجازت دی کہ درآمد کیے جائیں پھر چار ماہ بعد فوری طور پر کہا گیا کہ اس کو روک دیا جائے اس کی کیا وجوہات ہیں؟

جناب چیئرمین، جی لاہنسٹر صاحب۔

Brig. (Retd.) Muhammad Asghar: On his behalf Sir.

جناب چیئرمین، جی فرمائیے۔

بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) محمد اصغر، اس کا جواب اس وقت نہیں ہے میں معلوم کر کے پیش کروں گا۔

چوہدری شجاعت حسین، پھر میری یہ گزارش ہو گی کہ یہ بھی اور دوسرے حصے کا جو

جواب نہیں دیا گیا کیا یہ دونوں چیزیں next rota day پہ starred question کے طور پر پیش کرنے کو تیار ہیں؟

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی۔

بریگیڈئیر (ریٹائرڈ) محمد اصغر: جناب چیئرمین! ایسا کریں گے جی کیونکہ یہ بھی سوال اسی طرح سے ہے ذرا دیر سے ملا تھا۔ اس لئے اس کا جواب نہیں دے سکا۔

Mr. Chairman: On next rota day we will take it up.

جی جناب پروفیسر صاحب:

پروفیسر خورشید احمد: یہ سوال اس لئے بھی بہت اہم ہے کہ Interim Government کی transparency کی بڑی دھوم ہے تو ذرا تفصیل سے جواب آ جائے تا کہ معلوم ہو جائے کہ ان کے تین مہینے میں کیا کیا ہوا۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی۔ نیکسٹ جی ۱۲ ہو گیا ہے ۱۴ بھی ہو گیا ہے۔ جی--- گھنٹہ بھی ہو گیا ہے۔ جی ہو گیا ہے ٹائم۔

So that brings us to the end of Question Hour. The remaining answers and qusetions will be taken as read and placed on the table of the House. Yes, of course.

12. Transferred to the Communication Divisionn.

13. ***Dr. Muhammad Rehan:** Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state:

(a) whether is is a fact that the posts of DSP, Veternary Officer, Agriculture Officer, Principal Appraser, Reserach and Statistical Officer have been up-graded from B-16 to 17 on different dates ;and

(b) whether it is also a fact that the post of Income Tax Officer (Promotee) having their same qualifications has not been up-graded from B-16 to 17, if so, its reasons, and the time by which it will be up-graded?

Makhdoom Shahab-ud-Din: (a) Information is being collected

form the concerned quarters and will be palced in the House on next rota day.

(b) As above.

14. *Malik Muhammad Hayat: Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state whether it is a fact that encroachments have been made on the site allocated for children park near block Nos. 7 and 15 Cat. III G-10/2, if so, the steps taken by the government to remove these encroachments ?

Syed Iqbal Haider: The site was inspected and three car parking garrages have been found fabricated/constructed by the allottees of house adjacent to the children park. They have also planted flower and vegetables in the park by encroaching about 50' X 20' and 20'X 20' pieces of land. Notices have been served to tyhe concerned persons under the law to remove the same within 15 days. In case of non-compliance, legal action shall be taken againsst the defaulters beside removal of encroachments.

15. *Malik Muhammad Hayat: Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government for the construction of mini-bridges for pedestrians near block Nos. 24 and 17-Cat. III, G-10/2, to link the said area with Bhatti Market, G-10/3 and Markaz G-10, respectively?

Syed Iqbal Haider: Yes.

16. *Prof. Khushid Ahmed: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the work done by the Commssion on Islamization of Economy established under the Enforcement of Shariat, Act 1991; and

(b) whether the Ministry received any interim or final report fromthe Commission, if so, the reasons of not laying it on the table of theHouse?

Makhdoom Shahab-ud-Din: (a) The Commission for Islamization of Economy has prepared its first report on Banks and Financial Institutions.

(b) Yes. The Ministry has received the first report of the Commission regarding Banking and Financial Institutions. The report is under examination by the exports in order action for introducing reforms in the existing banking operations.

The report will be laid on the table of the House as soon as the evaluation is completed.

17. Transferred to the Ministry of Planning and Development.

18. *Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased state:

(a) the number of units privatised from January, 1991 to October, 1993;

(b) the number of units privatised between November, 1993 to 30April, 1994;

(c) the performance of the units privatised so far;

(d) the payments received upto October, 1993;

(e) the outstanding amounts against each of the sold units; and

(f) whether any bank guarantees have been encashed aginast defaulters for non-payment of their balance amounts ?

Makhdoom Shahab-ud-Din: The information is being compiled and will be placed in the House in due course.

19. *Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state the expenditure incurred by

the privatisation commission the advertisement made in the various newspapers on the 9th April 1994, with the names of all national and regional newspapers to whom the advertisement was released?

Makhdoom Shahab-ud-Din: The information is being compiled and will be placed in the House in due course.

20. Transferred to the Ministry of Petroleum and Natural Resources.

21. *Sardar Bashir Ahmed Khan Tareen: Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state whether there is any proposal underconsideration of the Government to allott residential plots in Islamabad to the Journalists ?

Syed Iqbal Haider: The Government has constituted a Committee to look into the possibility of developing housing schemes for various persons including Journalists.

22. *Sardar Bashir Ahmed Khan Tareen: Will the Minister Incharge of the Prime Minister's Secretariate be pleased to state the names, designation and place of domicile of the persons recruited in B-1 to B-16 in the Prime Minister's Secretairat. Its attached departments and subordinate Offices during the period 1st June to 18th July, 1993?

Syed Iqbal Haider: Information are being collected---Reply will be sent later on.

23. *Mr. Muhammad Ajmal Khan Khatak: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to refer to starred question No.53 dated 24-8-93 and state:

(a) whether it is a fact that advance increments were allowed, with the approval of the Finance Division to Mr. Khalid Saeed Butt and Dr.

Ghulam Rasul, Director General and Director PNCA on up-gradation of their posts from B-20 to B-21 and B-19 to B-20 respectively and by office of the A.G.P.R., to Mr. S.R. Malik, Assistant Director M/o Local Government and Rural Develolpment, and Mr. A.R. Beg, Forest Botanist, Ministry of Food and Agriculture on up-gradation of their posts; and

(b) if reply to (a) above is in the affirmative the reasons as to why the benefit of premature increment is being denied in other similar cases?

Makhdoom Shahab-ud-Din: (a) Information is being collected from the concerned quarters and will be placed in the House on next rota day.

(b) As above.

24. ***Mr. Abdur Rahim Khan**: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to refer to Starred Question No. 53 replied on 24th August,1993 and state:

(a) whether it is a fact that grant of selection grade to an employee or grant of next scale to a driver is mere transfer from lower scale to higher scale and does not involve any change in duties and resposibilities;

(b) whether it is also a fact that the Private Secretaries (B-17) are being allowed premature increment on the grant of B-18 vide letter dated5-4-1993, although no change in the duties and responsibilities is invlolved;

(c) whether it is further fact that the Establishment Division vide their O.M. dated 6th March, 1993, has clarified that up-gradation of a post implies the abolition of existing post and creation of a new post in the higher grade; and

(d) if so, why the benefit of premature increment is being denied in case of appointment of an official to an up-graded post in a manner prescribed for appointment tothe post?

Makhdoom Shahab-ud-Din: Information is being collected from the concerned quarters and will be placed in the House on next rota day.

25. * Prof. Khurshid Ahmed: Will the Minister for Commerce be pleased to state:

(a) to what extent Pakistan's vital trade interests have been protected in the recent GATT Agreement at Geneva ; and

(b) and to what extent Pakistan is going to ensure increased exports of its manufactured goods, particularly testiles, to developed countries adn protect the nacent industries of Paksitan from untoward competition from abroad?

Ch. Ahmed Mukhtar: (a) Pakistan's major problems in trade include quota restrictions on the export of cotton textile under Multifibre Arrangement (MFA) and barriers on the import of rice by certain countries, like Japan and Korea. The Final Act of Uruguay Round Addresses thesse problems. Intergration of textile sector into GATT System over a period of 10 years would eliminate quota trictions from Pakistan's textile indutry . Liberation of textiles and clothing sector and its gradual intergration into GATT System would enable Pakistan's textile indutry to specialise in sectors like yarn, fabrics and made ups in which it has comparative advantage over other countries. Opening of trade in services under the the agreement would facilitate technology transfer, better employment opportunities and increase in income on invisable items of export.

(b) Pakistan's export of textiles would increase through a gradual improvement in quotal allowed by the developed countries to the developing countries during 10 year phase out period. The export of textiles will get momentum after all the restrictions of quota under Multifibre Arrangement (MFA) are removed. Due care has also been taken to protect mascent industries

of Pakistan by not opening our market to such trade goods which may adversely affect these industries.

26. *Qazi Hussain Ahmed: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state whether it is a fact that the Government has dissolved the Task Force on Central Asia, if so, its reasons?

Makhdoom Shahab-ud-Din: Yes, it is a fact that Government has dissolved the Task Force on Central Asia, the reasons are as under :-

(i) In order to promote economic and technical co-operation, Joint Ministerial Commission has been established with Kazakistan, Uzbekistan and Tajakistan. Establishment of Similar Commissions with Kyrghystan, Turkinistan and Azerbaijan has been approved by the Cabinet and draft Protocol have been sent to the Republics for their concurrence.

(ii) The Joint Ministerial Commissions provide a regular institutional arrangements for evaluating the implementation of its decisions and to consider proposals for further expending co-operation in various fields of economic endeavour. The Task Force on Central Asia apparently duplicates the institutional mechanism which already exsists for dealing with the matters relating to promotion of economic and technical co-operation between Pakistan and the Central Asian Republics and thus has been aboilshed.

27. *Qazi Hussain Ahmed: Will the Minister for Commerce be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the Regulatory Department of Imports and Exports had been disbanded, if so, when and its reasons;

(b) whether it is also a fact that some 70 officers working in the Department have been become surplus; and

(c) whether it is further a fact that the buildings used by CCI and

E have remained vacant, while other Government offices like Cotton Board, Department of Insurance and trade Marks Registry are housed in hired premises?

Ch. Ahmed Mukhtar: The information is being compiled and will be supplied on the next rota day.

28. *Prof. Khurshid Ahmed: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state whether it is a fact that Pakistan Ordnance Factories, Wah Cantt, have not been making payment of Excise duty adn Sales Taxworth over Rs.1,000 Million per annum since August, 1991, if so, the steps taken by the government to recover these duties from POFs?

Makhdoom Shahab-ud-Din: It is not possible to collect the requisite information from the field formation due to shortage of time. The reply will be placed in the House on next rota day.

29. *Mr. Abdur Rahim Khan: Will the Minister Incharge of the Prime Minister's Secretariat be pleased to state the number of officers and other employees working in the Prime Minister's Secretariat, Islamabad, with grade-wise and province-wise break up?

Syed Iqbal Haider: Information are being collected. Reply will be sent later on.

30. *Mr. M. Zafar: Will the Minister for Commerce be pleased to state:

(a) the number of State Life Insurance Zones in country;and

(b) the name, place of domicile, length of service and educational qualification of each Zonal Head?

Ch. Ahmed Mukhtar: Information is being collected and will be supplied on the next rota day.

30-A* Qazi Hussain Ahmed: Will the Minsiter Incharge of the Prime

Minister's Secretariat be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the caretaker Government of Dr. Moeen Qureshi had restructured the Intelligence Bureau with a view to depoliticising it; and

(b) whether it is a fact that the present Government is now changing that policy?

Syed Iqbal Haider: (a) No.

(b) No.

30-B * Mr. Sartaj Aziz: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state:

(a) whether it is a fact that WAPDA had opened a special acount in 1991-92 in the National Bank of Pakistan to which proceed of the surcharges imposed on electricity tariffs in that and subsequent financial year were to becredited for payments on acount of electricity profits to Government of N.W.F.P, ifso, the total amount collected and credited to this account in the year 1991-92, 1992-93, and 93-94;

(b) the payments made to government of N.W.F.P. on acount of electricity profits for these three years ; and

(c) the reasons for any shortfall in payments due to the Government of N.W.F.P. in each of these three years?

Makhdoom Shahab-ud-Din: The WAPDA Authorities have been requested for the requisite information. The same will be placed in the Hoousse on next rota day.

PANEL OF PRESIDING OFFICERS

Mr. Chairman: In exercise of power conferred by Rule 14 of the Rules of Procedure and conduct of Business the following panel of Presiding

Officers will be as under:

(1) Chaudhary Mhuhammad Anwar Bhinder

(2) Mr. Imdad Ali Awan

(3) Malik Faridullah Khan.

Mr. Chairman: Next item is number 2-A condolence resolution .

OBITUARY

Malik Muhammad Qasim: I beg to move , Sir , this House expresses its profound grief and sorrow on the sad demise of ex-Senator Hassan A . Shaikh . The late Hasan A . Shaikh was a committed Muslim Leaguer and a prominent lawyer . He served as a Private Secretary to the Quaid-e-Azam and was also an election agent of Mader-e- Millat in 1964 Presidential Election . He was an MNA from 1962 to 1969 and he was elected as Senator from Sindh Province in 1985 and was re-elected in 1988 and retired on 20th March, 1994 on expiration of six years term . We pray to Almighty Allah to shower His blessings and rest his soul in peace and grant courage to the bereaved family to bear this irreparable loss with fortitude . A copy of this resolution may also be sent to the bereaved family.

پروفیسر خورشید احمد ۔ میں ادب سے عرض کروں گا کہ ہمارے رخصت ہونے والے بھائی حسن اے شیخ صاحب آل پاکستان مسلم لیگ کے صدر بھی رہے ہیں۔ وہ ان کی بڑی اہم پوزیشن تھی اسے آپ نے miss کیا۔ وہ مسلم لیگ کے مترجم تھے۔

Malik Muhammad Qasim: I was the General Secretary when he was the President of the Muslim League . Yes , I want to mention that he remained General Secretary of the Council Muslim League for a very long time . When Muslim League got united, he was the President of the Muslim League.

جناب احسان الحق پراچہ ۔ جناب چیئرمین ! میں گزارش کرنا چاہوں گا کہ مولانا کوثر نیازی

بھی اس معزز ہاؤس کے ممبر تھے ---

جناب چیئرمین، وہ بھی آ رہی ہے۔

I take this that this has the approval of the House O.K., this stands approved.

Malik Muhammad Qasim: This House expresses its profound grief and sorrow over the sad demise of ex-Senator Moulana Kausar Niazi . Late Moulana Kausar Niazi was a renowned religious scholar, speaker, writer, poet and intellectual of eminence who served Pakistan in various capacities such as Federal Minister, Senator and lately as Chairman of the Council of Islamic Ideology with great distinction. He was the auther of a number of books. We pray to Almighty Allah to shower His choicest blessings on him and rest his soul in peace. May Allah grant courage and fortitude to the bereaved family to bear this irreparable loss. A copy of this resolution may also be sent to the bereaved family.

Mr. Chairman: This is also approved by the House.

Jam Kararuddin: I would like that this House should also offer Fateha on death of world renowned scientist Dr. Saleemuzzaman Siddiqui, who had made a valuable contribution in the realm of science .

راجہ محمد ظفر الحق، سید قدوس شیرازی وفات پا گئے ہیں، ان کے لئے بھی دعا فرمائیں۔

جناب چیئرمین، دعا فرماتے ہیں۔

سردار مہتاب احمد خان عباسی، جناب چیئرمین ! ڈاکٹر ریحان صاحب کا جواں سال بھتیجا بھی وفات پا گیا ہے ان کے لئے بھی فاتحہ پڑھیں۔

جناب چیئرمین، حافظ صاحب، دعا فرمائیں۔وہ تو بالکل جواں موت ہے۔ دعا فرمائیں۔

(حافظ حسین احمد نے دعا فرمائی)

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Chairman: Next, leave applications

جناب محمد اجمل خان خٹک نے چند نا گزیر وجوہات کی بناپر ایوان سے مورخہ ۲ تا ۵ مئی تک کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ رخصت کی درخواست منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین ، جناب شیخ ظریف خان مندوخیل صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۲ تا ۱۱ مئی کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین ، جناب سیف اللہ خان پراچہ ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۲ تا ۶ مئی کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی۔)

جناب چیئرمین ، جناب قاضی حسین احمد صاحب نے نجی مصروفیات کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب سرتاج عزیز ، ایک ریزولیوشن مین نے ساؤتھ افریقہ کے الیکشن اور نیلسن منڈیلا کی کامیابی کے لیے submit کیا ہے اس کی ٹائمنگ ایسی ہے اگر سینٹ اسے آج adopt کر سکے۔ تو بہتر ہوگا اور رول 120 relax کر سکیں۔ اور ہاؤس ایگری کرے۔ تو I would like to move the motion

جناب چیئرمین، لاہنسٹر صاحب آپ نے دیکھی ہے یہ۔

سید اقبال حیدر ، جناب چیئرمین! یہ ریزولیوشن ہماری طرف سے آرہا ہے اس میں صرف یہ تھا۔ ابھی تک ساؤتھ افریقہ کے انتخابات کا حتمی رزلٹ آجانے تو ہم اس کے ساتھ مبارک باد کا ریزولیوشن اسی میں ملا دیں ۔ اسی لیے ہم چاہ رہے تھے ایک دن کی تاخیر سے کوئی حرج نہیں ہوگا۔ اسے پرسوں پر defer کرتے ہیں۔

جناب سرتاج عزیز، رزلٹ آچکا ہے۔

سید اقبال حیدر ، رزلٹ ابھی آ رہے ہیں۔ ابھی مکمل نہیں ہونے صرف اس وجہ سے ہم چاہ رہے ہیں۔ ہم مشترکہ طور پر فارن منسٹر اس کے اوپر ریزولیوشن لارہے ہیں۔ اور پرسوں لے آئیں گے۔

پروفیسر خورشید احمد:۔ جناب چیئرمین! یہ مسئلہ اس پہلو سے بڑا اہم ہے کہ ساؤتھ افریقہ میں ایک بڑی اہم مسلم کمیونٹی ہے ان کے پاکستان سے بڑے گہرے تعلقات ہیں اور وہ لوگ چھ مہینے سے اس امر کے اوپر بڑے پریشان ہیں کہ جب سارے حالات سیٹ ہو گئے تھے۔ ہندوستان نے تسلیم بھی کر لیا۔ لیکن ہم نے انتخابات کا انتظار کیاتو اب میرے خیال سے تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔ اور آج ہی ہمیں یہ ریزولیوشن موو کرنا چاہیے۔ ہم سرتاج عزیز صاحب کی تائید کرتے ہیں۔

Mr. Chairman: Have a look at this Resolution and if you feel that you can also sponsor or co-sponsor with the Resolution. May be it can be a Resolution of the entire House.

Sardar Asseff Ahmad Ali: Sir, if you allow me to satisfy the honourbale Senator on this matter. Today, a representative of Dr. Nelson Mandela called on me and we had a bilateral meeting with him. He informed me that the results are still being compiled, and it will take at least one or two more days before the results are compiled. So, if the Senator agrees, let us wait for another day also.

جناب سرتاج عزیز: جناب چیئرمین! انڈین پارلیمنٹ نے کل اپنا ریزولیوشن مشترکہ طور پر adopt کیا ہے۔ اور اس میں جہاں تک ریزولیوشن کی language ہے یہ دیکھ لیں اس میں ہم یہ نہیں لکھ رہے کہ اتنے فیصد سے کامیاب ہوا۔

جناب چیئرمین: اصولی طور پر I would not like to disturb the agenda unless there is agreement between the two.

جناب سرتاج عزیز: یہ ریزولیوشن دیکھ لیں۔ اگر انہیں اس کی language پر اعتراض نہ ہو تو آج مغرب کے بعد اسے adopt کر سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین: اگر آج کارروائی کے دوران کسی وقت بھی فارن منسٹر صاحب کہیں مجھے منظور ہے۔ I will take it up but I would not like to take it up unless there is agreement between the two sides of the House. آپ ان کو دے دیں۔ and let him examine it. If at any time, during the day's proceedings you inform me that there

is consensus on this, we will take it up.Now we come to the adjournment motion. Adjournment motion No.4.

PRIVILEGE MOTIONS

جناب سرتاج عزیز، جناب چیئرمین! ایڈجرن منٹ موشن سے پہلے میری ایک پریولیج موشن صوبہ سرحد کی صورت حال پر ہے اور آپ مانتے ہیں کہ کتنا اہم مسئلہ ہے خاص طور پر سینٹ کے لئے ۔ کیونکہ وہاں پر جو کچھ ہوا ہے بہت سیریس نوعیت کا ہے تو میں تجویز کروں گا ۔ کہ وہ پریولیج موشن جو ہے وہ آج ٹیک اپ کی جائے ۔

Mr.Chairman: You want to take it up out of turn.

جناب سرتاج عزیز، آج کوئی اور پریولیج موشن نہیں ہے ۔

جناب چیئرمین، کیوں جی لاءمنسٹر صاحب۔

سید اقبال حیدر ، ہمیں تو اس کا نوٹس نہیں ہے ۔ لیکن صوبہ سرحد کی صورت حال کے اوپر پریولیج موشن کس طرح سے بنتی ہے ۔ وہ تو ۔۔

جناب چیئرمین، وہ تو علیحدہ بات ہے ۔

سید اقبال حیدر ، ہمیں تو نوٹس ہے نہیں ۔ ان سے بات کرلیں ۔ سر بہتر ہوگا کل ایک میٹنگ ہوجائے کسی وقت حزب اختلاف اور حزب اقتدار کے اراکین کے درمیان میں اور تمام معاملات کے اوپر جن جن پر بحث کرنا چاہتے ہیں۔ ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

جناب محمد طارق چوہدری، جناب چیئرمین! ایم کیو ایم کے سینیٹرز کی گرفتاری کے اوپر میری بھی ایک پریولیج موشن ہے ۔ ظاہر ہے ایڈجرن منٹ موشنز سے پہلے پریولیج موشن آتے ہیں ۔

جناب چیئرمین، دیکھیں ناں میں بات وہی کر رہا تھا کہ آج کے ایجنڈے پر وہ نہیں ہے اس کو ابھی میں نے دیکھا بھی نہیں ہے ابھی پراسس نہیں ہوا ہے ۔ تو اگر آپس میں آپ کا ایگری منٹ ہے پھر اور بات ہے اگر نہیں ہے تو پھر میں کوشش یہی کروں گا کہ ایجنڈے کے مطابق کارروائی کو چلایا جائے ۔

سردار یعقوب خان ناصر، جناب چیئرمین! میں نے بھی ایک پرویلج موشن move کی ہے جو پی ٹی وی اتھارٹی کے خلاف ہے ۔ انہوں نے اس ہاؤس کے ایک منتخب چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین

کی مزار قائد پر حاضری کو کوریج نہیں دی ۔ جبکہ دوسری طرف وہ ہر قسم کے معمولی سے واقعہ کو بھی لاتے ہیں۔

جناب چیئرمین ، چلیں اس کو بھی مناسب وقت پر جب انفارمیشن منسٹر ہوں گے پھر اس کو دیکھ لیں گے۔

جناب یعقوب خان ناصر ، میرے خیال میں یہ بہت اہم واقعہ ہے میرا تو خیال تھا کہ آج کے ایجنڈے پر ضرور آئے گا۔ یہ جناب پورے ہاؤس کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔

جناب چیئرمین ، بہرحال وہ انفارمیشن منسٹر ہوں گے ۔ تو پھر ان کی موجودگی میں ٹیک اپ کریں گے۔

جناب سرتاج عزیز ، جناب مجھے کم از کم پریولیج موشن یہ پیش کرنے کی اجازت دی جائے پھر اس کے بعد آپ----

جناب چیئرمین ، میرے خیال میں ۔ اس کو ابھی ہم نے دفتر میں بھی processنہیں کیا ہے۔

جناب سرتاج عزیز ، جب کہ وہ یہ کہہ رہے ہیں ہم item کو ویسے take up کریں گے۔

Mr. Chairman: You see the point is if, let us say, there is agreement, that is a different matter but if there is no agreement then I would like to, normally, take up matters which are on the agenda. I would not have the opportunity to examine this from the technical side. So, I will take it up in due course tomorrow and then we will see what happens.

آج ایجنڈے پر نہیں ہے ۔ آج ایجنڈے پر ایک ہی پریولج موشن ہے وہ غالباً اشتیاق اظہر صاحب کی جانب سے ہے۔

normally we have about one or two on the agenda everyday. Today we don't have it but we will see if we can take it up tomorrow.

جناب سرتاج عزیز، یا تو پھر assurance دی جائے that this will be taken at

the next meeting.

جناب چیئرمین، Assurance میں تو نہیں دے سکتا۔

Normally the Chairman does not give assurances.

سید اقبال حیدر ، ہم آپس میں بیٹھ کر طے کرلیں گے۔

جناب چیئرمین ، آپ اپنا کام کریں میں اپنا کام کروں گا ۔ جی باری باری ۔ جی ڈاکٹر ریحان صاحب ۔

ڈاکٹر محمد ریحان ، جناب والا! میرا بھی صوبہ سرحد کے حوالے سے سیاسی صورتحال جس طرح وہاں پر آئین کا جھٹکا ہوا ہے اور صوبہ سرحد کی حکومت پر قبضہ کیا ہے اور جس میں اس کے اعلان سے ایک دن قبل جو میٹنگ ہوئی تھی جس میں -----

جناب چیئرمین ، تو آپ نے موشن دے دی ہے ۔

ڈاکٹر محمد ریحان ، جناب میں نے پریولج موشن دی ہے۔

جناب چیئرمین ، ٹھیک اس کو بھی examine کرلیں گے we will see it

پروفیسر خورشید احمد ، جناب چیئرمین! مقصد چونکہ اصولی ہے اس لئے میں چاہوں گا کہ آپ ذرا رول 60 ,61 کو دیکھ لیں اس لئے privilege motion میں میں نے پہلے بھی یہ بات کہی تھی کہ privilege motion اور adjournment motion میں فرق یہ ہے کہ adjournment motion کے لئے حکومت کے نمائندے کے تعاون یا انکار کی ضرورت ہوتی ہے privilege motion میں اس کی ضرورت نہیں ہے ۔ privilege motion میں صرف چیئرمین کی permission چاہئیے ------

جناب چیئرمین ، میں اسی چیئرمین کے consent کی بات کررہا ہوں ۔ کہ وہ discretion ہوتا ہے ۔

پروفیسر خورشید احمد ، یہی مسئلہ اہم ہے اور آج اس سے پہلے سرتاج صاحب نے move کردیا ہے ۔ اور maximum یعنی دو گھنٹے اگر مل جائیں آپ کو تو privilege motion لے آئیں آپ ۔

جناب چیئرمین ، پروفیسر صاحب اس میں یہ ہوتا ہے کہ جب discretion ہوتی ہے

there are so many things to be taken into account. As I have said I can take it up tomorrow because today I have not yet had the opportunity to examine it and it is not a matter which, if it is taken up tomorrow, will become infructuous.

پروفیسر خورشید احمد ، اشتیاق اظہر صاحب کا معاملہ important ہے ایک سینٹر گرفتار کیا گیا ہے۔ اور اس کو urgency ملنی چاہئیے تھی۔

جناب چیئر مین ، نہیں ان کی طرف سے آج آیا ہوا ہے۔

پروفیسر خورشید احمد ، اس کو بھی آپ نہیں لے آئے ہیں۔

جناب چیئر مین ، نہیں وہ آیا ہوا ہے ۔ ان کی جانب سے ایک ہے privilege motion اشتیاق اظہر صاحب کا۔

پروفیسر خورشید احمد ، ایڈجرنمنٹ سے پہلے چاہئیے کہ آپ ان کا privilege motion لے آئیں۔ اگر وہ نہیں بھی ہیں۔

جناب چیئر مین ، وہ ہیں نہیں ہیں جی it is by Ishtiaq Azhar Sahib himself, he is not present.

پروفیسر خورشید احمد ، ان کی جانب سے ہم اٹھا رہے ہیں۔

جناب چیئر مین ، جی۔

پروفیسر خورشید احمد ، ہم اسے اٹھا رہے ہیں کہ یہاں پر تین سینٹروں کو لایا کیوں نہیں گیا۔

جناب چیئر مین ، تو یہ examine کرلیں ۔ اگر پریولج موشن ایک ممبر دے اور دوسرا اس کو اٹھالے۔

پروفیسر خورشید احمد ، میں بھی اور دوسرے بھی اٹھا رہے ہیں۔

جناب چیئر مین، یہ دیکھ لیں کیونکہ ابھی تک آپ زبانی اٹھا رہے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد، جی ہاں۔

جناب چیئرمین ، کیونکہ جب ایک تحریری چیز آگئی ہے تو can it be supplemented by an oral motion? دیکھ لیں۔

پروفیسر خورشید احمد، چونکہ وہ physically موجود نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین، بہر حال وہ already ہے اور------

پروفیسر خورشید احمد، جناب ایک سینیٹر غائب ہونا یہاں سے اور اس نے غائب ہونا----

جناب چیئرمین ، جہاں تک اشتیاق اظہر صاحب کا تعلق ہے I have already taken it up with the Sindh Provincial Government.

Prof. Khurshid Ahmed: Is the Government prepared to make any statement on that?

Mr. Chairman: The Government is not involved in it at this stage. I have taken it up at my level with the Chief Minister of Sindh and I will only call upon the Federal Government if I need their assistance. So far I am in touch with them on this matter.

جناب شہزاد گل ، جناب عالی ! سرحد کے معاملے میں میں نے بھی تین adjournment motions دی ہیں ۔ اب بات یہ ہوگئی کہ تحریک استحقاق سرتاج عزیز صاحب کی تھی وہ آپ نے دیکھی نہیں ہے ۔ اور پھر scrutiny کے بعد آپ اس پر اجازت دیں گے لیکن میری تین adjournment motions ہیں ایک سپیکر کے متعلق جس کو معطل کیا گیا تھا ایک یعنی defective Chief Minister وہاں پر زبردستی بٹھایا گیا ہے ۔ ایک صوبائی اسمبلی کی معطلی اور صابر شاہ کی حکومت کی suspension کے متعلق علیحدہ علیحدہ ہیں اب لاءمنسٹر صاحب تشریف فرما ہیں اگر وہ یہ understanding دیتے ہیں کہ اس پر ہاؤس میں مکمل بحث کی اجازت ہوگی adjournment motion کے سلسلے میں یا privilege motion کے سلسلے میں ۔ میں نے ۱۹۴ کے تحت بھی motion دی ہے ۔ ہمیں یہ یقین دہانی کرائیں کہ سرحد کے معاملے پر بحث ہوگی تاکہ سارے ممبران کو موقع مل سکے۔

جناب چیئرمین، شہزادگل صاحب آپ جانتے ہیں کہ تحریک التوا تو اپنی باری پر آتی ہے اور

جو وقت اس کا وقت ہو گا وہ آجائے گی۔ تحریک استحقاق جو آئی ہوئی ہے اس کو میں ایگزامن کروں گا۔

جناب شہزاد گل، تحریک استحقاق بھی سرحد کے متعلق تھی۔

جناب چیئرمین، صحیح ہے جب اس کو ٹیک اپ کریں گے تو آپ کی تجویز پر بھی غور کریں گے کہ سارے معاملے کو لے لیں We will take it up جناب مندوخیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل ، جناب والا ! سرحد حکومت کے بارے میں جو proclamation ہوا اور پھر اس کے بعد ۲۳ اپریل کو اس proclamation میں کچھ modification ہوئی اس کے بعد جو حالات پیدا ہوگئے ہیں اور جو غیرآئینی غیرقانونی situation پیدا ہوگئی ہے ہمارا فیڈریشن سسٹم ہے اور سینٹ بالخصوص فیڈریشن کی نمائندگی کر رہی ہے ایک صوبے کی صوبائی خودمختاری کے خلاف ایک غیرآئینی عمل ہوا ہے اس کے بارے میں ہم نے تحریک التوا پیش کی ہے ' ابھی یہ تحریک استحقاق کی بات بھی ہو رہی ہے میں نے یہاں رول ۲۳۶ کے تحت اس کو out of turn لینے کے لئے کہا آپ نے فرمایا کہ یہ لی جائے گی ہم سمجھتے ہیں کہ اس کو ایک ہی جگہ کر دیا جائے۔

جناب چیئرمین، کل یہ تحریک استحقاق آجائے گی۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل، جناب والا! ہم کہتے ہیں کہ آج ہو اور ابھی ہو۔

جناب چیئرمین ، نہیں آج یہ ممکن نہیں ہے آج ایجنڈے پر نہیں ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل ، جناب والا ! اس سے زیادہ اہم اور خطرناک situationہمارے ملک میں نہیں ہے جبکہ پارلیمنٹ-----

جناب چیئرمین ، یہ مجھے ڈھائی بجے موصول ہوا ہے اور اس کو ایگزامن کرکے انشاء اللہ ہم کوشش کریں گے کہ نارمل طریقے سے کل اسے ایجنڈے پر لے آئیں جب ایجنڈے پر آجائے گی تو آپ کی جو بقیہ تجاویز ہیں کہ جی تحاریک التوا کے ساتھ اکٹھی ہو جائیں وہ تو اگر بحث ہوتی ہے تو ویسے بھی infructuous ہو جاتی ہیں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل ، ہم کہہ رہے ہیں کہ یہ سب ملا کر ابھی ----

جناب چیئرمین ، آج مناسب نہیں ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل ، وزیر قانون صاحب کہہ رہے ہیں کہ بعد میں بات کریں گے۔

جناب چیئرمین ، وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ business کے بارے میں generally آپس میں مفاہمت کر کے بزنس کو چلایا جائے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل :جناب والا! ہم یہ سمجھتے ہیں ، اس وقت ہمارے ملک میں بہت سے مسائل ہیں لیکن یہ بڑا مسئلہ اہم ہے جس میں ملک کو خطرناک صورتحال کا سامنا ہے ایسے حالات میں جناب والا! اس سے زیادہ آج کے لیے ---

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے ---

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل :جناب والا ! میں اس بات پر زور دے رہا ہوں کہ آج کے دن اس پر بحث ہو۔

جناب چیئرمین : آپ کی بات پر غور کریں گےفی الحال آپ تشریف رکھیں تاکہ میں باقی ٹیک اپ کروں لیکن

First of all I would like to welcome on behalf of Senate the Minister for Law Justice and Parliamentary Affairs of the Kingdom of Nepal and his delegation who are present in the official gallery. Now, I will take up adjournment motion No. 4 Syed Muhammad Fazal Agha Sahib.

ADJOURNMENT MOTIONS

i) Re: DROPPING KHUZDAR GWADAR MOTOR WAY PROJECT

Syed Muhammad Fazal Agha: I move that the House the may take up this matter of urgent national importance and of recent occurence. It has been reported that the Government has dropped the project of Shahdad kot Khuzdar and Gwadar Motor Way. It has caused a lot of alarm in the minds of public in general and residents of Baluchistan in particular .

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Mr. Ghulam Akbar Lasi: Yes it is opposed.

جناب چیئرمین ، آپ ذرا مختصرا" فرمائیں سید محمد فضل آغاصاحب - How it is admissible

